احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

پیر 28 ستمبر 2009ء

روزنامہ (ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

قائمقام ایڈیٹر : فخرالحق شمس

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 28 ستمبر 2009ء 8 شوال 1430 ہجری 28 تبوک 1388 ھش جلد 59-94 نمبر 218

توازن اور پاکیزگی کا شاہکار

مشہور مستشرق ولیم میور لکھتا ہے۔

ہماری تمام تر تحقیقات اس معاملہ میں متفق ہیں کہ محمد (ﷺ) کی جوانی توازن اور پاکیزگی کا شاہکار تھی جو اس دور کے عربوں میں مفقود تھا......آپ کو خطاب ملا تھا۔ الامین!۔ سب سے بڑھ کر قابل اعتماد

(W Muir:Life of Mohammad London1903 Introduction pg17)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر خدا تعالیٰ کا نہایت فضل ہے کبھی وہ شخص لوگوں کے سامنے شرمندہ نہیں ہوگا جو اس نبی مقبول کا سچا تابع ہے۔

﴿نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 صفحہ 121﴾

ہزاروں درود اور سلام اور رحمتیں اور برکتیں اس پاک نبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوں جس کے ذریعہ سے ہم نے وہ زندہ خدا پایا۔

﴿نسیم دعوت ۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 263﴾

دنیا میں ایک عظیم الشان نبی انسانوں کی اصلاح کے لئے آیا یعنی سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس نے اس سچے خدا کی طرف لوگوں کو بلایا جس کو دنیا بھول گئی تھی۔

﴿نسیم دعوت۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 366﴾

میرا یہی مذہب ہے کہ جس قدر فیوض اور برکات کوئی شخص حاصل کر سکتا ہے اور جس قدر تقرب الی اللہ پا سکتا ہے وہ صرف اور صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی اطاعت اور کامل محبت سے پا سکتا ہے ورنہ نہیں۔ آپؐ کے سوا اب کوئی راہ نیکی کی نہیں۔

﴿لیکچر لدھیانہ۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ:260﴾

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ہمارے سید و مولیٰ (اس پر ہزار سلام) اپنے افاضہ کے رو سے تمام انبیاء سے سبقت لے گئے ہیں۔

﴿چشمہ مسیحی۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 389﴾

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی معرفت انسانی فطرت کے انتہا تک پہنچی ہوئی ہے۔

﴿حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 صفحہ 156﴾

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا زمانہ قیامت تک ممتد ہے اور آپ خاتم الانبیاء ہیں۔

﴿چشمہ معرفت۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 90﴾

رسوم و بدعات چھوڑ دو

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث خطبہ جمعہ 9 ستمبر 1966ء میں فرماتے ہیں:۔

بہت سی قومیں ایسی بھی تھیں جن کا رشتہ اپنی شریعتوں سے نبی کریم ﷺ کی بعثت سے کہیں پہلے ٹوٹ چکا تھا اور شریعت کی بجائے من گھڑت بدرسوم اور بدعات شنیعہ میں وہ جکڑی ہوئی تھیں۔ اور یہی ان کا مذہب تھا۔ خودساختہ قیود اور پابندیاں ان کو نیکیوں سے محروم کر رہی تھیں اور ان کی تباہی کا باعث بن رہی تھیں۔ اور انہیں ان کے رب سے دور کر رہی تھیں۔ تو فرمایا وَالْاَغْـلَالَ ......اللہ تعالیٰ کے اس رسول ﷺ نبی اُمی نے ان تمام رسوم اور بدعات کو یکسر مٹا دیا ہے۔ اگر تم قرب الٰہی چاہتے ہو تو رسوم اور بدعات کی بجائے قرآنی راہ ہدایت اور صراط مستقیم تمہیں اختیار کرنا پڑے گا۔ جب تک رسوم و بدعات کے دروازے تم اپنے پر بند نہیں کر لیتے اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے دروازے تم پر کھل نہیں سکتے۔

﴿خطبات ناصر جلد اوّل صفحہ 379﴾

﴿مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل سفارشات شوریٰ 2009ء﴾

فضل عمر ہسپتال میں خالی آسامیاں

مندرجہ ذیل سپیشلسٹ / رجسٹرار / نرسنگ آسامیوں کی فضل عمر ہسپتال میں فوری ضرورت ہے۔

☆ گائنی سپیشلسٹ
☆ آئی سپیشلسٹ
☆ میڈیکل / گائنی / سرجیکل رجسٹرار میل / فی میل
☆ نرسز میل / فی میل
☆ ریڈیوگرافر اور لیبارٹری ٹیکنیشن

کوالیفائیڈ خواہشمند خواتین وحضرات اپنی درخواستیں صدر صاحب / امیر صاحب جماعت کی سفارش سے بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ جلد روانہ کریں۔ تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔ بعض تجربہ کار کوالیفائیڈ حضرات کو کنٹریکٹ پر بھی رکھا جا سکتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے ایڈمنسٹریشن آفس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ فون نمبر: 047-6215646

﴿ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ﴾

مشعل راہ

بیوت الذکر جنت کے باغات میں سے ہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 3/اکتوبر 2003ء میں فرمایا:۔

حدیث میں آتا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم جنت کے باغوں میں سے گزرا کرو تو وہاں کچھ کھا پی لیا کرو۔ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی۔ یارسول اللہؐ! یہ جنت کے باغات کیا ہیں؟ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا......... جنت کے باغات ہیں'' میں نے عرض کی۔ یارسول اللہ! ان میں کھانے پینے سے کیا مراد ہے؟ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ'' پڑھنا۔

(ترمذی، کتاب الدعوات، باب حدیث فی اسماء اللّٰہ الحسنیٰ مع ذکرھاتماما)

ذکر الٰہی کرنا سے مراد یہ ہے کہ جنت کے باغ ہیں...........اور ذکر الٰہی کرنا وہاں کی خوراک۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک شہروں کی پسندیدہ جگہیں ان کی (بیوت الذکر) اور شہروں کی ناپسندیدہ جگہیں ان کی مارکیٹیں ہیں۔

(مسلم، کتاب المساجد، باب فضل الجلوس)

لیکن آج کل آپ دیکھیں کہ جو ناپسندیدہ جگہیں ہیں ان میں لوگ زیادہ بیٹھتے ہیں اور............ جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ جگہیں ہیں ان میں کم بیٹھا جاتا ہے، اس طرف توجہ کم ہے۔

تو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو حاصل کرنے کے لئے ہر احمدی کو اس بات کا بہت زیادہ خیال رکھنا چاہئے کہ اپنی (بیوت الذکر) کو آباد کریں۔

پھر...... میں تلاوت اور درس و تدریس کے بارہ میں حدیث ہے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی قوم .... کتاب اللہ کی تلاوت اور باہم درس و تدریس کے لئے بیٹھی ہو تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے۔ رحمت باری ان کو ڈھانپ لیتی ہے اور فرشتے ان کو اپنے جلو میں لے لیتے ہیں۔

(سنن الترمذی، کتاب القراء ت، باب ماجاء ان القران انزل علی سبعة احرف)

حضرت بریدہ الاسلمیؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: اندھیروں کے دوران (بیوت الذکر) کی طرف بکثرت چل کر جانے والوں کو قیامت کے روز نورتام عطا ہونے کی بشارت دے دو۔

تو اس سے ایک یہ بھی مراد ہے کہ یہ دنیاداری کا زمانہ ہے، اس میں (بیوت الذکر) آباد کرنے والوں کو مکمل نور عطا ہوگا اور اس کی بشارت دی گئی ہے۔

پھر حضرت ابوسعیدؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم کسی شخص کو بیوت الذکر میں عبادت کے لئے آتے جاتے دیکھو تو اس کے مومن ہونے کی گواہی دو (اس لئے کہ) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''اللہ کی بیوت الذکر کو وہی لوگ آباد کرتے ہیں جو خدا اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں''۔

(ترمذی کتاب التفسیر ۔ تفسیر سورۃ التوبة)

عروہ بن زبیر نے اپنے دادا عروہ کے حوالہ سے روایت کی ہے کہ ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں حکم دیا کرتے تھے کہ ہم اپنے محلوں میں .... بنائیں اور یہ کہ ہم ان کو عمدہ تعمیر کریں اور ان کو پاک صاف رکھیں۔

﴿مسند احمد بن حنبل﴾

﴿روزنامہ الفضل 10 فروری 2004ء﴾

تحریر و بیاں کا شاہسوار

اٹھ گیا بزمِ جہاں سے اور اک عالی وقار
باغِ احمد کا شجر اک خوشنما و سایہ دار

منکسر، عاجز، وہ خادم دیں کا، سلطان نصیر
رحمتیں مولیٰ کی ہوں تربت پہ اس کی بے شمار

کاتبِ احوالِ ملت لحظہ لحظہ کا امیں
مخزنِ تاریخ تحریر و بیاں کا شاہسوار

وقف تھے اوقات اس کے دیں کی خدمت کے لئے
روک تھی کوئی نہ تھی خدمت کسی میں کوئی عار

معجزۂ قوتِ قدسی سے اک عاجز دیا
یوں چمک اٹھا کہ جیسے شمس ہو نصف النہار

جو کمر بستہ ہوا دیں کے لئے فائز ہوا
نعمتیں اس راہ میں ملتی ہیں بے حد و شمار

جو ہیں اللہ کے، نہیں ان کے نصیبوں میں شکست
روک سکتا ہی نہیں کوئی انہیں دشمن کا وار

قلبِ صافی پر ہوا نازل فلک سے نورِ حق
یوں قلم چلتا گیا کہ جیسے تیغِ تیز دھار

یا الٰہی مجھ سے عاصی کو بھی کر تقویٰ عطا
لوگ کہہ اٹھیں کہ طاہر ہو گیا انجام کار

﴿طاہر عارف﴾

﴿پبلشر و پرنٹر﴾ طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ﴿مطبع: ضیاء الاسلام پریس﴾ ﴿مقام اشاعت﴾ دارالنصر غربی چناب نگر ﴿ربوہ﴾ قیمت 5 روپے

مکرم بشیر الدین کمال صاحب

لڑائی جھگڑوں اور فساد سے بچیں

خداتعالیٰ کے مامور جب دنیا میں تشریف لاتے ہیں۔اس وقت فساد وغیرہ دنیا کو گھیرے ہوئے ہوتے ہیں۔جس کا نقشہ خداتعالیٰ نے یوں کھینچا کہ "ظھر الفساد فی البرِّ والبحر" جوں جوں خداتعالیٰ کے مامور خداتعالیٰ کا پیغام دنیا میں پہنچاتے ہیں۔ان کو کتاب اور حکمت کی باتیں سکھاتے ہیں۔ ان کی تربیت کرتے ہیں اور جوں جوں ان کی عقل ترقی کرتی جاتی ہے اور وہ اپنی پیدائش کی غرض کو سمجھنے لگتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ خداتعالیٰ ہرگز یہ نہیں چاہتا کہ ہم کسی قسم کے جھگڑوں اور فساد کا ذریعہ بنیں۔ دوسرے لفظوں میں خداتعالیٰ کے مامورین ایک حسین معاشرہ قائم کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں یعنی ان کے ذریعہ ایک حسین اور خوبصورت معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔رسول کریم ﷺ کے ذریعہ بھی ایک خوبصورت اور حسین معاشرہ تشکیل پایا۔جس کا ذکر قرآن کریم میں یوں ہے:۔

محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار کے خلاف بڑا جوش رکھتے ہیں لیکن آپس میں ایک دوسرے سے بہت ملاطفت (رحماء بینھم) کرنے والے ہیں۔جب تو انہیں دیکھے گا انہیں شرک سے پاک اور اللہ کا مطیع پائے گا۔ وہ اللہ کے فضل اور رضا کی جستجو میں رہتے ہیں۔ان کی شناخت ان کے چہروں پر سجدوں کے نشان کے ذریعہ موجود ہے۔" (سورہ فتح آیت نمبر:29)

اور حدیث میں آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں۔

مومن باہم ایک دوسرے پر رحم کرنے اور ایک دوسرے سے محبت کرنے اور ایک دوسرے پر مہربانی کرنے میں ایک جسم کے حکم میں ہیں۔اگر جسم کے ایک عضو کو تکلیف پہنچے تو اس کی خاطر سارا جسم تکلیف اٹھاتا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد اس ضمن میں ملاحظہ ہو۔آپ فرماتے ہیں۔

"ایاک نعبد میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو باہمی مصالحت، اتحاد اور دوستی کی ترغیب دی ہے۔اللہ تعالیٰ تاکیدی حکم دیتا ہے کہ بھائیوں اور محبوّں میں ایک دوسرے کو تحائف دینے کی طرح دعا کا تحفہ دیا کرو اور اپنی دعاؤں کا دائرہ وسیع کرو۔نیتوں میں وسعت پیدا کرو اور اپنے ارادوں میں اپنے بھائیوں کے لئے بھی گنجائش پیدا کرو اور باہم محبت کرنے میں بھائیوں کا باپوں اور بیٹوں کی طرح بن جاؤ۔پس عبادات کے نیک نتائج اور اثرات پیدا کرنے کا یہی طریق ہے۔"

پھر فرماتے ہیں۔

"جماعت کو چاہئے کہ صبر سے کام لے اور مخالفین کی سختی پر سختی نہ کرے اور گالیوں کے عوض گالی نہ دے۔ اللہ تعالیٰ اس کی تائید کرتا ہے جو صبر سے کام لے۔میں اس کو پسند نہیں کرتا کہ ہماری جماعت کے لوگ کسی پر حملہ کریں یا اخلاق کے برخلاف کوئی کام کریں......تم ان کی بدسلوکیوں کو خدا پر چھوڑ دو۔

(خطبہ جمعہ مورخہ 26 جون 2009ء الفضل 11/ اگست 2009ء)

مندرجہ بالا ارشادات سے معلوم ہوتا ہے کہ مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں اور پھر فرمایا کہ مومن آپس میں اس طرح محبت کرتے ہیں جس طرح ایک بھائی اپنے بھائی سے محبت کرتا ہے اور وہ کبھی بھی آپس میں لڑائی جھگڑا اور فساد نہیں برپا کرتے بلکہ اس سے بچتے ہیں۔نبی کے ذریعہ ایسا خوبصورت پیارا لڑائی جھگڑے اور فساد سے پاک اور پُرامن معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔ جو کہ ایک مثالی معاشرہ ہوتا ہے اور خدا چاہتا ہے کہ ہمیشہ یہی معاشرہ قائم ودائم رہے۔

زن۔زر۔زمین۔کم وبیش یہ تینوں چیزیں ہی لڑائی جھگڑے اور فساد کا ذریعہ بنتے ہیں۔کہیں میاں بیوی کا جھگڑا ہے۔کہیں اغوا وغیرہ کا جھگڑا ہے۔کہیں زمین کا جھگڑا ہے۔ اسی کے پیچھے دنگا فساد اور قتل و غارت ہو رہے ہیں۔ بھائی بھائی کو قتل کر رہا ہے۔ بیٹا باپ کو قتل کر رہا ہے۔یہاں تک کہ گھر کے گھر اُجڑ رہے ہیں۔ زمین یا کسی اور لالچ کے پیچھے قتل کرنے والا یہ نہیں سوچتا کہ کیا جس چیز یا لالچ کے پیچھے وہ ایسا کر رہا ہے، کیا وہ قتل کرنے کے بعد اس کو حاصل کرے گا اور وہ اپنے انجام کو بھی نہیں سوچتا۔اگر وہ سوچ لے کبھی ایسی حرکت نہ کرے۔کیونکہ وہ خود زندہ رہے گا تو پالے گا۔

پھر زر کے پیچھے لوگ مر رہے ہیں۔ چوریاں اور ڈکیتیاں ہو رہی ہیں۔ مالی معاملات بھی صاف نہیں ہوتے۔آدمی قرض لیتا ہے تو واپس کرنے کا نام نہیں لیتا۔لین دین میں معاملات صاف نہیں۔ جب قرض وغیرہ کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو جھگڑے اور فساد شروع ہو جاتے ہیں۔اصل میں زر کی ہوس اس حد تک بڑھ چکی ہے کہ انسان اس کو ہر جائز و ناجائز طریقہ سے حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ یہ نہیں سوچتا کہ آخر خداتعالیٰ کا اس میں حکم کیا ہے اور خدا ہم سے ایسے معاملات میں کیا چاہتا ہے۔اگر انسان اپنے معاملات کو صاف رکھے تو یقیناً اس کا دل اور سینہ بھی صاف رہے گا اور وہ اطمینان بخش زندگی گزارے گا۔ پس جہاں اور جب فساد اور جھگڑے وغیرہ کا خطرہ ہو اس کو ختم کرنے اور اس سے اجتناب کرنے کی کوشش کرنی چاہئے خواہ اس کے لئے اپنا حق بھی چھوڑنا پڑے تو چھوڑ دینا چاہئے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

"بعض لوگ محض لِلّٰہ اللہ کی رضا کی خاطر دکھ برداشت کر لیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں جس طرح ہو جھگڑا نپٹاؤ۔ختم کرو اس معاملے کو اور رضائے باری تعالیٰ کی خاطر وہ یہ دیکھتے ہوئے بھی کہ ان کے حقوق ہیں پھر بھی ان کو چھوڑنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں ایسے لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مغفرت ہے اور رضوان ہے۔ اس دنیا میں بھی انجام کار وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت کا سلوک پائیں گے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے رستے دیکھیں گے۔خدا ان کو رضا کے رستوں پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور آخرت میں رضا کی جنت سے بہتر اور کوئی جنت متصور ہو ہی نہیں سکتی۔ اگر آخرت میں مغفرت مل جائے اور رضوان مل جائے تو اس سے اچھا سودا اور کیا ہو سکتا ہے۔"

(الفضل 6 جون 1995ء ص 2)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

"کامیابی کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وحدت ہو۔یاد رکھو کہ ترقی کے لئے خیالات وعقائد کے ساتھ عملی وحدت ہو۔تم میں بعض ایسے بھی ہیں جو روپیہ کے معاملہ میں زمین کے معاملہ میں جھگڑتے۔ حالانکہ اتحاد کے قیام کے لئے حقوق کا قربان کرنا ضروری ہوتا ہے۔"

(روزنامہ الفضل 5 جون 1995ء ص 1)

میاں بیوی کے آپس میں جھگڑے ہیں اور ہوتے بھی ہیں۔ اصل میں ہم میں سے ہر ایک خداتعالیٰ کی رضا کے مطابق چلے تو شاید یہ جھگڑے بھی نہ ہوں۔ لڑائی، جھگڑے تب ہوتے ہیں جب ہم خداتعالیٰ کی رضا کے برعکس زندگی بسر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جب خداتعالیٰ نے ہماری راہیں متعین کر دی ہیں تو کیوں نہ ہم ان راہوں پر چلیں اور اپنے گھروں کو جنت کا گہوارہ بنائیں۔ جھوٹی انا، تکبر، خود پسندی، خاندانی وجاہت، طعنہ زنی، بے جا شکوے شکایت، اپنے فرائض سے ہٹ جانا۔ یہ سب باتیں بعض دفعہ فساد اور جھگڑے کا موجب بن جاتی ہیں۔ جو کہ نہیں ہونی چاہئیں۔اگر امیر اور غریب دو خاندان آپس میں مل گئے ہیں تو ملنے کے بعد امارت اور غربت کے طعنوں وغیرہ کا کوئی جواز ہی نہیں بنتا جس میں جہیز وغیرہ بھی شامل ہے۔ یہ تو ملنے سے پہلے ہی سوچنا چاہئے کہ آیا امارت اور غربت اکٹھے چل سکتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ہمیں دینی اور دنیاوی علوم سے نوازا ہے۔ وہ اس لئے نہیں کہ ہم ہمیشہ جھگڑوں وغیرہ میں پڑے رہیں جو کہ الٰہی جماعتوں کی شان کے ہی خلاف ہے۔ وہ ذرائع اختیار کریں جن سے ہم جھگڑوں سے بچ سکیں اور ان علوم سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔ بعض دفعہ چھوٹی چھوٹی باتیں ہوتی ہیں جن کو ہم اپنی انا کا مسئلہ بنا لیتے ہیں۔جس کی وجہ سے جھگڑا فساد شروع ہو جاتا ہے۔

بعض دفعہ ناانصافی کی وجہ سے بھی اور ایک دوسرے کے حقوق دبانے کی وجہ سے بھی جھگڑے فساد شروع ہو جاتے ہیں۔ انصاف کرنا بہت مشکل امر ہے۔اسی لئے خداتعالیٰ نے انصاف کرنے کا تاکیدی حکم دیا ہے۔انصاف مل جائے تو حقوق بھی مل جاتے ہیں اور پھر انصاف کرنے والے اور انصاف کروانے والے کے بھی کچھ فرائض ہوتے ہیں۔انصاف کرنے والے کا تعلق خداتعالیٰ کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ دونوں فریق کو سننے کے بعد ہی کوئی فیصلہ کرتا ہے اور کرنا چاہئے۔نہ کہ ایک طرفہ۔میں سمجھتا ہوں کہ انصاف کرنا بڑے ڈرنے کا مقام ہے۔مبادا کوئی لغزش ہو جائے جو خداتعالیٰ کی ناراضگی کا باعث بنے۔جب فیصلہ ہو جائے تو اس کو شرح صدر سے قبول کرنا چاہئے۔خواہ اس میں اپنا نقصان ہی کیوں نہ نظر آئے۔اسی میں برکت ہوگی اور بہتر نتائج نکلیں گے ہاں اگر اپیل کی گنجائش ہو تو اپیل کرنی چاہئے، نہ کہ فیصلے سے روگردانی اور پھر بعض دفعہ لڑائی جھگڑے اور فساد سے بچنے کے لئے اپنے حقوق بھی چھوڑنے پڑیں تو چھوڑ دینے چاہئیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اس ضمن میں راہنمائی کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"پس میں ایک تو دوستوں کو نصیحت کرتا ہوں اگر ان کے دل میں سلسلہ کی محبت اور الفت ہے اور وہ سلسلہ کے خیر خواہ ہیں تو جب بھی ان کا آپس میں کوئی اختلاف ہو۔لڑائی ہو ایک دوسرے کو معاف کر دیں اور اگر معاف نہ کر سکیں تو اس معاملہ کو فیصلہ کے لئے پیش کریں تا کہ اس کا تصفیہ ہو سکے۔ان دونوں صورتوں کے علاوہ اگر وہ تیسری صورت اختیار کریں گے تو یقیناً اس کے یہ معنی ہوں گے کہ وہ فسادی ہیں۔اس طرح وہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وہ وارث نہ بن سکیں گے بلکہ سزا کے مستحق ہوں گے۔لیکن ان دو باتوں میں سے بھی کوئی ایک اختیار کرنے والوں کو نصیحت کروں گا کہ ....کا حکم زیادہ تر عفو سے کام لینے کا ہے۔"

(الفضل مورخہ 12/ اکتوبر 1995ء)

جیسا کہ میں پہلے بیان کر چکا ہوں کہ زمین بھی جھگڑے فساد کا موجب بنتی ہے یہاں تک کہ بعض لوگ بعض لوگوں کی زمینوں پر ناجائز قبضہ کر لیتے ہیں اور بعض دوسرے کے زمین دھوکہ دہی سے اپنے نام کے ساتھ بیچ کر رقم ہڑپ کر جاتے ہیں۔ جب اصل پارٹی کو علم ہوتا ہے تو دنگا فساد اور لڑائی جھگڑے وغیرہ شروع ہو جاتے ہیں۔ یہی زمین بیٹے کے ہاتھ سے باپ کو۔ بھائی کے ہاتھ سے بھائی، ایک رشتہ دار کے ہاتھ سے دوسرے کو قتل کرا دیتی ہے۔ صرف اس لئے کہ قتل کرنے والا اس کا مالک بن جائے۔ حالانکہ قتل کرنے سے پہلے وہ یہ نہیں سوچتا کہ وہ رہے گا تو مالک بنے گا۔ اگر وہ یہ سوچ لیتا تو شائد ایسا نہ کرتا۔پس لڑائی جھگڑے سے پہلے اس کے انجام کو بھی ضرور سوچ لینا چاہئے۔ یہ ایک ایسی خرابی ہے کہ کسی پارٹی کو بھی نہ کوئی سکون اور نہ ہی اطمینان قلب نصیب ہوتا ہے اور پھر ایک سلسلہ رنجشوں اور دشمنیوں کا چل پڑتا ہے۔اسی لئے تو خداتعالیٰ نے فرمایا ہے کہ "فتنہ" قتل سے بھی زیادہ بدتر ہے۔

جب انسان اُنس سے بنا ہے، جس کے معنی محبت کے ہیں۔ تو پھر کیوں نہیں ایک انسان دوسرے انسان سے "اُنس" کے پیش آتا ہے۔ پس ہر انسان کو اپنے مقام کو سمجھنا چاہئے اور پہچاننا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔ آمین

حضرت مسیح موعود نے جھگڑے فساد کو ختم کرنے کا ایک فارمولا پیش فرمایا ہے کہ "سچے ہو کر جھوٹوں کی طرح تذلل اختیار کرو" اگر ہر آدمی اس پر عمل کرنا شروع کردے تو میرے خیال میں جھگڑے فساد پیدا ہی نہ ہوں۔ آپ فرماتے ہیں۔ پڑھیے اور غور فرمائیے کہ کہاں تک ان ہدایات پر عمل پیرا ہیں۔

"آپس میں جلد صلح کرو اور اپنے بھائیوں کے گناہ بخشو۔ کیونکہ شریر ہے وہ انسان کہ جو اپنے بھائی کے ساتھ صلح پر راضی نہیں۔ وہ کاٹا جائے گا کیونکہ وہ تفرقہ ڈالتا ہے۔ تم اپنی نفسانیت ہر ایک پہلو سے چھوڑ دو اور باہمی ناراضگی جانے دو اور سچے ہو کر جھوٹے کی طرح تذلل اختیار کرو تا تم بخشے جاؤ۔ نفسانیت کی فربہی چھوڑ دو کہ جس دروازے کے لئے تم بلائے گئے ہو اس میں سے ایک فربہ انسان داخل نہیں ہوسکتا۔ کیا ہی بدقسمت وہ شخص ہے جو ان باتوں کو نہیں مانتا۔"

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد 19 ص 12)

پھر فرماتے ہیں:۔

عبادت کے فروغ میں یہ بھی ہے کہ تم اس شخص سے بھی جو تم سے دشمنی رکھتا ہو ایسی ہی محبت کرو جس طرح اپنے آپ سے اور اپنے بیٹوں سے کرتے ہو اور یہ کہ تم دوسروں کی لغزشوں سے درگزر کرنے والے اور ان کی خطاؤں سے پردہ پوشی کرنے والے بنو اور نیک دل اور پاک نفس ہو کر پرہیزگاروں والی صاف اور پاکیزہ زندگی گزارو اور تم بری عادتوں سے پاک ہو کر باوفا اور باصفا زندگی گزارو اور یہ کہ خلق اللہ کے لئے بلا تکلف اور بلا تصنع یعنی نباتات کی مانند نفع رساں وجود بن جاؤ اور یہ کہ تم اپنے کبر سے اپنے کسی چھوٹے بھائی کو دکھ نہ دو اور نہ کسی قول اور بات سے اس کے دل کو زخمی کرو بلکہ تم پر واجب ہے کہ اپنے ناراض بھائی کو خاکساری سے جواب دو اور اسے مخاطب کرنے میں اس کی تحقیر نہ کرو اور مرنے سے پہلے مر جاؤ اور اپنے آپ کو مردوں میں شمار کر لو اور جو کوئی تمہارے پاس آئے ہو اس کی عزت کرو خواہ وہ بوسیدہ کپڑوں میں ہو، نہ کہ نئے جوڑوں اور عمدہ لباس میں ...... اور انسان کی غمخواری کے لئے ہر دم تیار کھڑے رہو۔"

(اعجاز المسیح روحانی خزائن جلد 18 ص 161)

پھر فرماتے ہیں۔

"فتنہ کی بات نہ کرو، شر نہ کرو، گالی پر صبر کرو کسی کا مقابلہ نہ کرو، جو مقابلہ کرے اس سے سلوک اور نیکی سے پیش آؤ۔ شیریں بیانی کا عمدہ نمونہ دکھاؤ۔ سچے دل سے ہر ایک حکم کی اطاعت کرو کہ خدا تعالیٰ راضی ہو۔"

(ملفوظات جلد سوم ص 620)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا یہ ارشاد "محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں"، بھی جھگڑوں وغیرہ کو ختم کرنے میں ممد و معاون ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم لڑائی جھگڑے اور فساد پیدا کرنے والے نہ ہوں تا ہم خدا تعالیٰ کو ناراض کرنے والے نہ ہوں۔ وہی کریں جو ہمارا پیارا خدا ہم سے چاہتا ہے۔ تا کہ معاشرہ پیار اور امن کا گہوارہ بن جائے۔ آمین

یتیم بچوں کی پرورش قومی امانت سمجھ کر کریں

مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب

یتیم کی پرورش نہ کرنا قوم کو قیمتی گہر سے محروم رکھنا ہے۔ کیونکہ نہ معلوم وہ یتیم بچہ جس کی دیکھ بھال کے فرض سے لوگ غفلت برتتے ہیں کن بے نظیر خوبیوں کا مالک ہے اور اگر صحیح طور پر اس کی تربیت کی جائے تو اس کے مخفی جوہر ضائع ہونے سے بچ جائیں اور اپنے وقت پر قوم وملک کے لئے فائدہ کا موجب ہوں۔

فخر دو عالم سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پرورش جن حالات میں ہوئی وہ ایسے تھے کہ ماں باپ کا سایہ سر سے اٹھ چکا تھا۔ آپؐ کے چچا حضرت ابوطالب کی کوششوں اور ہمدردانہ سلوک کے ساتھ کی ہوئی پرورش نے دنیا کو کتنا عظیم الشان فائدہ پہنچایا اور نہ صرف اس دنیا کو بلکہ آج تک اور رہتی دنیا تک ابوطالب کی یتیم پروری دنیا بھر کے لئے مصائب کا مداوا، دکھوں کا علاج، بے کسی کا سہارا اور روحانیت کا چشمہ بن گئی۔

پس یتیم ایک قومی امانت ہے اور اس امانت کا حق یہی ہے کہ اسے محفوظ رکھا جائے۔ کیونکہ جس بچے کے سر سے خدائے حکیم کی قدرتوں نے ماں باپ کا سایہ اٹھا لیا۔ اسے دنیا میں رکھنا کسی غرض پر مبنی ہے اور اگر اس میں لوگوں کا امتحان ہی ہو تو پھر یہ بہت ہی لازمی ہو جاتا ہے کہ یتیم کی پرورش کماحقہ کی جائے۔ اگر یتیم کی صحیح پرداخت نہ کی جائے تو اس کے دل میں ضرور ایسے خیالات جگہ پا جائیں گے جو اس کے نفس میں ہر دم یہ احساس تازہ رکھیں گے کہ وہ ادنیٰ ہے اسے پوچھنے والا کوئی نہیں وہ کسی کام کے اہل نہیں۔ ترقی کی ہر راہ اس کے لئے بند ہے اور چونکہ وہ قوم کا ایک فرد ہے۔ اس کے کیریکٹر کا اثر قوم پر پڑے گا۔ یا قوم کے ایک حصہ کے لئے وہ باعث نقصان ہوگا۔

کون ہے جو یہ کہہ سکتا ہے کہ اس کے بچوں کو یقینی طور پر یتیمی کی مصیبت سے دوچار نہ ہونا پڑے گا۔ قدرت نے اس خوف سے کسی جری سے جری دل کو بھی محفوظ نہیں رکھا۔ اس میں یہی حکمت ہے کہ تا اپنے آپ کو اس خوف سے محفوظ سمجھنے والے دوسروں پر ظلم نہ کرنے لگ جائیں۔ قرآن کریم میں سورۃ بقرہ آیت 267 میں دنیوی آلاء ونعم کا نقشہ کھینچ کر یہ خوف دلایا کہ اگر اچانک تمہارے باغات اور انہار و اثمار تباہ ہو جائیں اور تمہارے بچے کمزور ہوں۔ اس حال میں کہ خود تمہاری باقی زندگی گنتی کے چند ایام ہو تو سوچو اس میں تمہارے لئے بہت کچھ فکر وغور کا مقام ہے۔ اس آیت میں نہایت حکیمانہ انداز میں اسی مضمون کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ اپنی اولاد کے یتیم ہونے کا اگر فکر ہے تو دوسرے یتیم بچوں کی پرورش کا بھی خیال رکھو جو تمہارے ہی جیسے دوسرے انسانوں کے بچے ہیں۔ اگر تم ان کی حفاظت کرو گے تو لوگ تمہارے بچوں کی حفاظت کریں گے۔ پس یتیم بچہ کی پرورش کرنا درحقیقت خود اپنے بچے کو پالنا ہے۔

موت کا خدشہ ایک طبعی امر ہے۔ یہ اگرچہ انسانی فطرت کی کمزوری پر دلالت کرتا ہے لیکن بہت کم لوگ اس سے محفوظ ہوتے ہیں۔ اپنے سامنے دوسروں کو مرتے دیکھنے کے باوجود انسان اپنے متعلق یہ نہیں سمجھ سکتا کہ وہ بھی مر سکتا ہے اور موت کا خوف زیادہ تر اس لئے ہوتا ہے کہ موت سے ڈرنے والا شخص اپنے بعد کے حالات سے ڈر رہا ہوتا ہے کہ اس کے پیچھے اس کے گھر کا کیا حال ہوگا۔ اس کے بچوں کو کون پوچھے گا اس کے دوسرے کام کون کرے گا۔ مطمئن دل کے ساتھ اس دنیا کی زندگی بسر کرنے اور اطمینان کے ساتھ اس دنیا کو چھوڑنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے دل سے موت کا خوف مٹا دیں۔

موت کے خوف کو مٹانے کے لئے ضروری ہے کہ اس باعث کو مٹا دیا جائے جو خوف دلاتا ہے یعنی یتیم رہ جانے والے بچوں کی پرورش کا ایسا انتظام ہو جائے کہ ہر شخص بغیر گھبراہٹ و تشویش کے موت کے امتحان سے گزر جائے۔ مرتے وقت اسے اپنی یتیم اولاد کے متعلق کوئی بے چینی نہ ہو۔ جب یہ حالت پیدا ہو جائے تو موت کا خوف ایک لفظ بے معنی ہو جائے گا اور قوم کے دلوں میں جرأت اور بہادری کے جذبات پرورش پائیں گے۔ بجائے بزدلی کے خیالات کے اور یہ امر قومی ترقی میں حد درجہ ممد ہوگا۔ کیونکہ بزدلی جہاں اقوام کی تباہی و بربادی کا باعث ہوتی ہے۔ بہادری انہیں کامرانی کی خوشخبری دلاتی ہے۔ پس اگر ہر شخص یتیم کی پرورش کرنا اپنے فرائض میں داخل کرلے۔ تو اس دنیا میں زندگی گزارنا بھی آسان ہو جائے اور اس دنیا کو چھوڑ کر جانا بھی آسان۔

مختلف شہروں میں بہت سے یتیم خانے کھلے ہیں۔ لیکن حقیقت میں یہ یتیم خانے ان کے لئے دینی و اخلاقی ترقی کی کوئی راہ نہیں کھولتے۔ کیونکہ اگر سارے کے سارے یتیم بچے ایک ہی جگہ رکھے جائیں تو ان کا ماحول یتیم ماحول ہوگا۔ انہیں ذہنی یتم سے نکالنے کا کوئی طریقہ نہیں۔ ہر لحظہ انہیں اپنا حقیر ہونا ترقی کی راہ میں روک نظر آئے گا اور ویسے بھی ان یتیم خانوں میں یہ طریق ہے کہ کئی یتیم بچے اپنے گزارہ کے لئے دربدر مانگتے پھرتے ہیں۔ یہ بجائے خود ایک قباحت ہے اگر پرورش کا یہ طریق ہو کہ ہر شخص اپنے گھر میں ایک یتیم بچہ رکھ لے جہاں اس کی نگہداشت گھر کے دوسرے بچوں کے ساتھ کی سی ہو تو اس یتیم بچہ کو ایک خوشگوار فضا میسر آجائے گی جو اس کے ارتقاء ذہنی کا باعث ہوگی اور اس کی نشوونما میں ممد اس میں احساس خودداری پیدا ہوگا اور قائم رہے گا۔ یہ طریق نہایت ہی اعلیٰ اور مفید ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے یتیم کی پرورش کے بارہ میں جس مؤثر پیرایہ میں توجہ دلائی اس سے اس اہم امر کی ضرورت واضح ہو جاتی ہے۔ حضور نے تحریک فرمائی کہ یتیم کو پالنے کا بہترین طریق یہ ہے کہ ایک گھر میں ایک یتیم بچہ ہے۔ اسے گھر والوں کی ایسی شفقت اور ہمدردی حاصل ہو۔ جو اسے اس کے یتیم ہونے کا احساس تک نہ ہونے دے۔ وہ اس گھر میں بیگانہ ہو کر نہ رہے۔ بلکہ اپنوں میں مل جل کر رہے۔ حضور نے اس تکلیف کا بھی اظہار فرمایا کہ بعض لوگ یتیم بچہ کو اپنے گھر میں پالنا چاہتے ہیں۔ لیکن اس کے لئے ایسی فضا پیدا نہیں کرتے جو اس کی صحیح نشوونما کے لئے ضروری ہوتی ہے۔ درحقیقت بچہ جو ماں کی محبت اور باپ کی شفقت کا لطف اٹھا چکا ہو۔ اسے اگر وہی یا اس سے ملتی جلتی محبت اور شفقت حاصل نہ ہو تو اس کی مستقبل کی زندگی برباد ہو جاتی ہے۔ حقیقی خدمت یتیم بچے کی یہ ہے کہ اسے یتیم ہونے کا احساس نہ ہونے دیا جائے۔ حضور نے یہ بھی فرمایا کہ اگر ایسا ہو کہ ایک ایک یتیم کو پالنے کی خواہش کا اظہار کرنے والے بہت سے لوگ ہوں تو مرنے والا شخص اپنی یتیم اولاد کی طرف سے بکلی مطمئن ہو کر اس جہان سے رخصت ہوگا۔ کیونکہ اسے یہ فکر نہیں ہوگا کہ اس کے بچوں پر کیا گزرے گی۔ بلکہ وہ سمجھے گا کہ اس کے مرنے کے بعد لوگ اس کے بچوں کو اپنے بچوں کی طرح پرورش کرنے کے لئے آپس میں جھگڑیں گے اور ہر ایک یہ کہے گا کہ یہ کام اس کے سپرد کیا جائے۔ اگر یہ صورت قائم ہو جائے۔ اگر یتیم کی پرورش کا یہ احساس پیدا ہو جائے۔ اگر قوم میں یتیم کا خیال و نگہداشت رکھنے والے ایسے دل پیدا ہو جائیں تو ہر صاحب اولاد کے دل سے موت کا خوف دور ہو جائے اور اس دنیا کی زندگی بھی جنت بن جائے۔

حضرت ابوسلمہؓ بن عبدالاسد

عبداللہ نام تھا۔ آپ کی والدہ حضرت برہ بنت عبدالمطلب آنحضرتؐ کی پھوپھی تھیں اور آپ رسول اللہؐ کے رضاعی بھائی تھے۔ رسول اللہؐ کے دار ارقم میں جانے سے پہلے ایمان لائے۔ آپؓ کی بیوی حضرت ام سلمہؓ نے بھی آپ کا ساتھ دیا۔ ایک روایت کے مطابق آپ وارد یثرب ہونے والے پہلے مہاجر تھے۔ غزوہ بدر، غزوہ احد اور سریہ قطن میں شامل ہوئے۔ دونوں ہجرتوں میں شریک رہے۔ جنگ احد میں زخمی ہو گئے تھے۔ کچھ عرصہ کے بعد زخم مندمل ہو گیا تھا بعد میں پھر رسنے لگ گیا چنانچہ اسی عارضے سے 4ھ میں فوت ہو گئے۔ رسول اللہؐ نے ان کی بیوہ ام سلمہؓ سے نکاح کر لیا تھا۔

موبائل فون کے فوائد، نقصانات اور حل

مکرم ڈاکٹر نذیر احمد مظہر صاحب

آج کے جدید دور میں موبائل فون ایک ایسی ایجاد ہے جس نے فاصلوں کو مٹا دیا ہے۔ موبائل فون کے فوائد بھی ہیں نقصانات بھی۔ ہم ذیل میں پہلے اس کے مثبت پہلوؤں اور فوائد کا ذکر کریں گے کے بعد ازاں منفی پہلوؤں اور نقصانات اور پھر نقصانات کا حل پیش کریں گے۔

موبائل فون کے فوائد و روشن پہلو

موبائل فون نے دنیا کو ایک گلوبل ویلیج (عالمی بستی) بنا دیا ہے۔ دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے پر بیٹھے ہوئے ایک انسان سے براہ راست ایک دوسرا انسان بات چیت کر سکتا ہے۔ اور پردیس میں رہتے ہوئے اپنے گھر والوں اور پیاروں سے بخوبی بات چیت کر سکتا ہے۔ یوں لگتا ہے کہ وہ اپنوں کے پاس ہی ہے اور اس طرح موبائل فون نے پوری دنیا کو ایک دوسرے کے عین قریب کر دیا ہے۔ اور قرآن کریم کی اس پیشگوئی کو سچا ثابت کر دکھایا ہے کہ اور جب نفوس ملا دیئے جائیں گے۔

(سورۃ التکویر آیت: 8)

چاہے آپ صحرا میں ہوں یا ایسی جگہ جہاں ڈاک وغیرہ کا رابطہ نہ ہو تو وہاں سے بھی آپ موبائل فون سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ نے کوئی بھی خبر جو کسی کو پہنچانی ہو صرف چند سیکنڈ میں پہنچا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ موبائل فون سے اور بھی بہت سی تازہ معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ مثلاً

تازہ خبریں حالات وواقعات:

آپ موبائل فون پر تازہ خبریں بھی پڑھ سکتے ہیں۔ جس کمپنی کی سم SIM استعمال کر رہے ہوں اس کمپنی کے اصول کے مطابق SMS کے ذریعہ خبریں پڑھ سکتے ہیں۔ بلکہ بعض کمپنیاں تو اب TV براہ راست موبائل فونز پر چلا رہی ہیں۔ جس سے خبروں کے علاوہ اور بھی دوسرے چینل دیکھ سکتے ہیں۔ کھیلوں کی خبریں، موسمی حالات وغیرہ سے آگہی حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید براں دوسرے ممالک کی خبریں بھی پڑھ اور سن سکتے ہیں۔

موبائل انٹرنیٹ:

موبائل TV کے علاوہ اب جدید قسم کے موبائل آگئے ہیں جن میں انٹرنیٹ بھی چلایا جا سکتا ہے جس پر آپ بغیر کمپیوٹر کے انٹرنیٹ چلا سکتے ہیں یہ سہولت اب مختلف کمپنیاں دے رہی ہیں۔

نقصانات اور منفی پہلو

اس کے نقصانات بھی حد درجہ ہیں جہاں اس چیز نے آسانیاں پیدا کی ہیں وہاں اس کے منفی اور خطرناک پہلو بھی ہیں۔

موبائل فون میں ایسی ایسی چیزیں آ گئی ہیں کہ ان کے غلط استعمال سے معاشرے میں بہت سی برائیاں پیدا ہو رہی ہیں جن کا ہم ذیل میں کسی قدر جائزہ لیتے ہیں اور ان کے تدارک کے لئے کچھ مشورے دیتے ہیں۔

موبائل SMS:

SMS جو کہ Short Messages Service کا مخفف ہے پیغام رسانی کا ایسا طریقہ ہے جو انتہائی فوری، محفوظ، مختصر، موثر، مخفی، نجی وستا ہے۔ لیکن SMS کے غلط استعمال نے قوموں اور ملکوں کے معمار بچے بچیوں کو غلط راستوں پر ڈال دیا ہے۔ یہ ایک ایسا خاموش پیغام رسانی کا ذریعہ ہے جس کا پتہ یا تو SMS کرنے والے کو ہوتا ہے یا پھر جس کو SMS کیا گیا ہو۔

سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کا تعلیمی نظام بری طرح متاثر ہوا ہے، اکثر طلباء وطالبات موبائل پر SMS میں ہمہ وقت مصروف رہتے ہیں حتیٰ کہ سکول یا کالج میں کلاسز کے دوران بعض طلباء وطالبات موبائل نکال کر کتابوں یا کرسیوں کی اوٹ میں SMS کر رہے ہوتے ہیں اور ان کا پڑھائی کی طرف بالکل دھیان نہیں ہوتا۔

علاوہ ازیں SMS کے ذریعے دوسروں کو بیوقوف بنانا بھی روز مرہ کا شغل بن گیا ہے۔ بعض لڑکے لڑکیاں بن کر دوسرے لڑکوں کو SMS کرتے ہیں اور یہ سلسلہ ساری ساری رات جاری رہتا ہے اور دوسروں کے جذبات سے کھیلنا معمول بن چکا ہے۔

اب تو کمپنیوں نے اور زیادہ سہولتیں دے دی ہیں بعض کمپنیوں نے تو 3 روپے میں 24 گھنٹے فری SMS سروس دے دی ہے۔ جتنے مرضی SMS کرو اور بعض کمپنیوں نے مختلف پیکج دئے ہوئے ہیں۔

پیسے بٹورنے کا نیا طریقہ:

اب کمپنیوں نے ایسے ایسے SMS پھیلانا شروع کر دیے ہیں کہ انسان اس کو آگے Send کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے مثلاً ایک SMS آتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے مقدس نام لکھے ہوتے ہیں یا کوئی مقدس آیات اور نیچے یہ تحریر ہوتی ہے کہ اس SMS کو 5 یا 11 آدمیوں کو Send کریں آپ کی دل کی مراد پوری ہو جائے گی ورنہ آپ کو بہت نقصان ہوگا۔

بعض اوقات اس قسم کے SMS بھجوانے کے لئے پیاروں کے نام کا واسطہ دے کر اسے آگے Send کرنے کی ترغیب دلائی جاتی ہے اور اس طریق سے اس نوعیت کے SMS لاتعداد لوگوں تک آناً فاناً پہنچ جاتے ہیں اور یوں کمپنیاں لاکھوں کروڑوں روپے کا مفاد اٹھاتی ہیں۔

موبائل خریدنے کے لئے بہانے:

موبائل خریدنے کے لئے طلباء، طالبات و دیگر بچے ماں باپ کو مختلف حیلے بہانوں کے ذریعہ مجبور کرتے ہیں۔ مثلاً میں نے اپنے دوستوں یا اساتذہ سے رابطہ رکھنا ہوتا ہے ان سے ہوم ورک پوچھنا ہوتا ہے یا پڑھائی کے سلسلہ میں گاہے بگاہے ضروری مشورہ کرنا ہوتا ہے یا وقتاً فوقتاً تعلیمی اداروں کے مختلف پروگراموں کے بارہ میں Discuss کرنا ہوتا ہے یا ایمرجنسی میں چھٹی لینا پڑ جاتی ہے وغیرہ۔

مذکورہ بالا حقیقی وجوہات بھی ہو سکتی ہیں اور اکثر جھوٹے اور فرضی بہانے بھی اگر والدین موبائل خرید کر نہیں دیتے تو رنجش کہ ان پر اعتماد نہیں کیا جاتا اور اگر اعتماد کیا جائے تو اندھے اعتماد کے نقصانات ہوتے ہیں جن کی اوپر کسی قدر تصویر کشی کی گئی ہے۔

کوئی زمانہ تھا کہ پیغام رسانیاں اور روابط اتنے مخفی اور Safe نہیں ہوا کرتے تھے اور کہیں نہ کہیں سے ان کی سراغ رسانی ہو جایا کرتی تھی مگر موبائل فون کی پیغام رسانیاں و روابط ایسے خاموش، مخفی اور انتہائی پرائیویٹ نوعیت کے ہوتے ہیں کہ ان کی سراغ رسانی ناممکن حد تک مشکل ہوتی ہے۔

پڑھائی اور علمی ترقی کے لئے ذہنی یکسوئی ہونا لازمی امر ہے۔ جن بچوں کے دماغ موبائلز کی وجہ سے منفی خیالات و رجحانات کا گہوارہ بن چکے ہوں ان کی نہ صرف علمی سرگرمیاں نابود ہو جاتی ہیں بلکہ وہ ذہنی و روحانی و اخلاقی لحاظ سے بھی انتہائی پستیوں میں گر جاتے ہیں۔

والدین ہمیشہ ذہن میں رکھیں جب کوئی SMS آتا ہے تو ایک ہلکی سی آواز آتی ہے جسے بند بھی کیا جا سکتا ہے اور آنے والے اور جانے والے پیغامات کا نام ونشان و ثبوت مٹایا جا سکتا ہے جو کہ اس کا خطرناک پہلو ہے۔

معاشی بوجھ:

بلا مبالغہ موبائل بیچنے کے علاوہ موبائل کمپنیاں یومیہ لاکھوں کروڑوں روپے کما رہی ہیں جس کا معاشی بوجھ بالآخر والدین کے کمزور کندھوں پر پڑتا ہے اور یہ معاشی انحطاط معاشرے میں معاشی عدم توازن کے علاوہ کئی جرائم کو جنم دیتا ہے۔

وارداتیں:

جہاں وارداتوں میں مجموعی طور پر سینکڑوں ہزاروں موبائل ہر روز چھینے جاتے ہیں وہاں گھناؤنی قسم کی وارداتیں موبائل کی بدولت کی جاتی ہیں ایک انتہائی مفید چیز کے غلط استعمال نے بین الاقوامی معاشرے کی جڑیں کھوکھلی کر دی ہیں۔ موبائلوں کے ذریعہ آئے دن ہونے والی وارداتوں، فراڈوں، دھوکہ دہی کی داستانیں بہت دکھ بھری ہیں۔

بزرگان ووالدین کی خدمت میں التماس:

والدین کی خدمت میں مودبانہ التماس ہے کہ اس انتہائی اہم، مفید و بیک وقت خطرناک اور اہم چیز کو بڑی احتیاط کے ساتھ بچوں کو لے کر دیں۔

کڑی نگرانی رکھیں کہ آپ کا بچہ اسے الگ استعمال نہ کرے آپ کی موجودگی میں استعمال کرے فون آواز کے ذریعہ ہو یا SMS کے ذریعہ، بچہ آپ کے سامنے استعمال کرے اسے الگ لے جا کر سننے کی اجازت نہ دیں خواہ وہ براہی کیوں نہ مانے اگر وہ الگ سنتا ہے تو وہ یقیناً منفی روابط رکھتا ہے جو آپ سے چھپا رہا ہے۔

یہ علامت بہت اہم ہے کہ جن کے فون سفید اور بے داغ ہوتے ہیں وہ سب کے سامنے بلند آواز میں فون کرتے اور سنتے ہیں مگر کالے فونوں کے مالک موبائل کی آواز اس حد تک کم کر دیتے ہیں کہ اس کی آواز صرف ان تک پہنچے اور کسی پاس بیٹھے ہوئے کو بھی سنائی نہ دے سکے۔

پھر ایک اور بہت بڑی واضح علامت یہ بھی ہے کہ کالے فونوں کے مالک کبھی بھی اپنا فون چند لمحوں کے لئے کسی کو نہیں دیں گے گویا کہ یہ ان کے جسم وروح کا ایک حصہ ہوتا ہے اور اس کی چند لمحوں کی علیحدگی ان کے تمام راز تار تار کر سکتی ہے۔

جب فون آئے اس کا سپیکر ON کرنے کی ہدایت کریں تا کہ پتہ چلے کہ کون بات کر رہا ہے بھی آپ بھی اس فون کرنے والے سے بات کریں مگر محتاط طریقے سے کہ کہیں مد مقابل وائس چینجر تو استعمال نہیں کر رہا۔

اپنے بچوں سے ان کے دوستوں کے ناموں کی لسٹ لیں جس نمبر سے کال آئے اس کا باقاعدہ نام Save ہو تا کہ پتہ چلے کہ کون کال کر رہا ہے۔

خصوصاً رات کو کبھی بھی کسی بچے کو فون نہ دیں بلکہ اپنی کڑی تحویل میں یعنی تالہ کے اندر رکھیں۔ سکول یا کالج جاتے وقت بچوں کو فون کی ہرگز ضرورت نہیں ہوتی سوائے منفی استعمال کے ان سے فون لے کر اپنی تحویل میں کر لیں۔ ہمارے سامنے ایسی مثالیں ہیں کہ بعض بچے جو تیزی سے تباہی کے گڑھے میں گر رہے تھے ان کے والدین نے ان موبائلوں پر مذکورہ بالا پابندیاں عائد کیں (جن کا ہم نے اوپر ذکر کیا ہے) اور بفضل خدا ان کے بچے تباہی کے گڑھے سے بچ کر محفوظ ہو گئے۔

جو والدین انگلش میں SMS نہیں پڑھ سکتے وہ اردو میں SMS کا انتظام کریں جب کوئی SMS

باقی صفحہ 6 پر

ر۔ص بھٹی

قائداعظم کا مزاح اور چند خوشگوار باتیں

تنگ نظر ناقدین نے قائداعظم کو ایک خشک، اور سرد مہر شخصیت کے طور پر پیش کیا ہے۔لیکن اگر قائد کی زندگی پر نظر دوڑائیں ہمیں ایک بہت مختلف شخصیت کے طور پر نظر آتے ہیں۔یہاں چند ایک واقعات تفریح طبع کے لئے پیش کئے جارہے ہیں۔

قائداعظم ایک مرتبہ سفر کر رہے تھے راستہ میں ایک پلیٹ فارم پر چائے پینے کے لئے اترے۔ جب وہ چائے پی کر باہر نکلے تو لوگوں کا ایک بڑا ہجوم ان کے گرد اکٹھا ہوگیا۔ جب ان کے سیکرٹری نے لوگوں کے دھکوں کی شکایت کی تو انھوں نے مسکرا کر کہا گھبراؤ نہیں یہ چائے کی پیالی میں طوفان ہے (storm in a cup of tea) ابھی ٹھیک ہو جائے گا۔

علی گڑھ یونیورسٹی کے دورے کے دوران قائداعظم کو بتایا گیا کہ ایک طالبعلم ان کی تقریر کی بہت اچھی طرح نقل کرتا ہے اور بہت ماہر ہے۔قائداعظم نے اسے سننے کی خواہش ظاہر کی۔ طالبعلم کی آواز، انداز، الفاظ ہو بہو قائداعظم کی طرح تھی قائداعظم بہت محظوظ ہوئے اور اپنی ٹوپی اتار کر اسے دی اور کہا اس سے اب تم مستند ہو جاؤ گے۔

ایک مرتبہ گاندھی جی اپنے آشرم میں پرارتھنا کر رہے تھے کہ ایک سانپ آشرم میں گھس آیا۔گاندھی جی کسی قسم کی گھبراہٹ کا اظہار کئے بغیر اپنی پرارتھنا میں مصروف رہے یہاں تک کہ سانپ خود ہی واپس چلا گیا۔ ہندو اخبارات نے اس واقعہ کو بہت شہرت دی اور اسے گاندھی کے معجزے کے طور پر پیش کیا۔ایک اخباری نمائندہ تاثرات کیلئے قائداعظم کے پاس بھی پہنچا۔قائداعظم نے ساری کہانی نہایت سنجیدگی سے سنی اور پھر کہا کہ ہاں، یہ پیشہ وارانہ آداب کا تقاضا تھا۔ (professional etiquettes)

تقسیم ہند کے اعلان کے بعد پریس کانفرنسز کے دوران ہندو اخباری نمائندے قائداعظم سے بہت چبھتے ہوئے سوالات کرتے تھے اسی طرح کی ایک پریس کانفرنس میں ایک رپورٹر نے پوچھا کیا' پاکستان مولویوں کی ریاست ہوگی' قائداعظم نے جواب دیا 'پنڈتوں کی ریاست کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے۔'

ایسی ہی ایک پریس کانفرنس کے دوران ایک رپورٹر بار بار ایک ہی سوال مختلف الفاظ میں کر رہا تھا آخر قائداعظم نے جواب دیا مجھے ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ میں بطخ کے پروں پر پانی ڈال رہا ہوں اور ہر مرتبہ پانی نیچے بہہ جاتا ہے اور پر خشک ہو جاتے ہیں

ایک مرتبہ ایک مقدمہ کی سماعت کے دوران قائداعظم کافی دیر سے دلائل دے رہے تھے، جج صاحب نے نہایت طنزیہ انداز میں کہا مسٹر جناح میں تمہاری باتیں ایک کان سے سنتا ہوں اور دوسرے کان سے نکال دیتا ہوں قائداعظم نے نہایت متانت سے جواب دیا یور آنر غالباً آپ کے دونوں کانوں کے درمیان کی جگہ خالی ہے۔

قائداعظم کا گھر

بمبئی کی ماونٹ پلیزنٹ روڈ پر واقع درختوں میں گھرا 'سندو کاسل' ایک خوبصورت عمارت ہے۔ مالا بار ہلز کا علاقہ ممبئے کے مہنگے ترین علاقوں میں شمار ہوتا ہے۔اس کے بالکل سامنے مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ کی سرکاری رہائش گاہ ہے۔ قائداعظم نے یہ گھر (2۔ماونٹ پلیزنٹ روڈ، مالا بار ہلز، ساؤتھ بمبئی) 1936ء میں خریدا، اور دوبارہ سے اپنی زیرنگرانی تعمیر کروایا۔آرکیٹیکٹ کلاڈ باٹلے نے مکان کی تعمیر میں اٹالین ماربل اور والنٹ کی لکڑی استعمال کی۔ قائداعظم کو اس گھر سے بہت انس تھا۔شاید یہی وجہ تھی کہ تقسیم ہند کے وقت انہوں نے اسے بیچا نہیں۔بلکہ ان کی خواہش پر اسے خالی شدہ املاک میں شامل کرنے کی بجائے نہرو نے اسے برٹش سفارت خانے کو دیا اور برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر یہاں 1982ء تک رہا۔ اسی گھر میں اکتالیس سال کی عمر میں قائداعظم کی رتن بائی کے ساتھ شادی ہوئی اور ان کی بیٹی دینا پیدا ہوئی۔اس کی تعمیر پر دو لاکھ روپیہ صرف ہوا تھا اور قیام پاکستان کے وقت اس کی مالیت پانچ لاکھ روپے تھی اور اس وقت اس کی مالیت 15 ملین امریکن ڈالر کے لگ بھگ ہے۔

اس گھر کی تاریخی اہمیت بھی ہے۔ تقسیم سے متعلق بہت سے مذاکرات اسی گھر میں ہوئے۔ستمبر 1944ء میں مشہور جناح۔گاندھی مذاکرات بھی اسی گھر میں ہوئے تھے۔تقسیم ہند سے ٹھیک ایک سال قبل 15 اگست 1946ء کو اسی گھر میں قائداعظم کی نہرو سے ملاقات ہوئی۔

پچھلے پندرہ سالوں سے یہ گھر خالی ہے پاکستان کی دیرینہ خواہش ہے کہ یہاں اپنا سفارت خانہ کھولے۔اس کے مرکزی دروازے پر' فوٹوگرافی منع ہے' کے الفاظ لکھے ہوئے ہیں۔خوبصورت لان اب جنگلی جڑی بوٹیوں سے بھرے ہوئے ہیں اور ایک موت کی سی خاموشی طاری ہے۔

لیوٹالسٹائی

☆..........لیوٹالسٹائی 28 اگست 1828ء میں بولینا کے علاقے یاسایتیا کے شہر میں پیدا ہوا۔ یہ علاقہ جنوبی ماسکو میں واقع ہے وہ ایک متمول روسی خاندان میں پیدا ہونے والا چوتھا بیٹا تھا، اس کی ماں کا انتقال اس کے بچپن میں ہی ہو گیا تھا اس کے والد کاؤنٹ نیکولائی ٹالسٹائی نے اس کی تعلیم کا خاص اہتمام کیا تھا۔جس وقت اس کی عمر نو برس ہوئی تو اس کے والد کا انتقال زہر خورانی کی وجہ سے ہو گیا۔اس کے بعد اس کی دادی کا بھی انتقال ہو گیا اور اس کے خاندان کی کفالت اس کے باپ کی بہن کے ذمہ آگئی۔

☆..........1844ء میں ٹالسٹائی نے قازان یونیورسٹی میں مشرقی زبانوں کی تعلیم حاصل کی۔

☆..........اس دوران اس کی زندگی شباب کی رنگینیوں سے بھی آلودہ ہوئی اور اسے یونیورسٹی کی تعلیم ختم کرنا پڑی، اسی سال اس نے قانون کی تعلیم کے لئے یونیورسٹی میں دوبارہ داخلہ لیا لیکن یہاں بھی وہ اہتمام کے ساتھ اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکا اور اسے یونیورسٹی سے نکال دیا گیا۔

